فوری ریلیز کے لیے: 9/1/2024   گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے صاف توانائی کے مستقبل میں تیز رفتاری کے لیے توانائی کے قابل استطاعت منصوبے اور اقدامات کا اعلان کر دیا

اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ کی اس تجویز میں نیو یارک کے نصف ملین گھرانوں کو ہر سال $500 تک کی بچت پہنچانے کے لیے توانائی کے قابل استطاعت منصوبے کا خاکہ پیش کیا گیا ہے

یہ تجویز ایک لچکدار، قابل بھروسہ، اور صاف گرڈ والے ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر کی تعمیر کی راہ ہموار کرنے کے لیے RAPID ایکٹ متعارف کروا رہی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج سنہ 2024 کے سالانہ ریاستی خطاب کے جزو کے طور پر نیو یارک کے صاف توانائی کے مستقبل کی رفتار بڑھانے کے لیے توانائی کے جامع اور قابل استطاعت منصوبے اور اقدامات کا اعلان کیا۔ اس تجویز میں کئی ایسے اقدامات پیش کیے گئے ہیں جو نیویارک کے نصف ملین گھرانوں کو ہر سال یوٹیلیٹی بلوں پر $500 تک کی بچت کروائیں گے اور صاف توانائی کی طرف نیویارک کی منتقلی کو آسان بنائیں گے۔ اس کے علاوہ، گورنر Hochul نے RAPID ایکٹ بھی متعارف کروایا جو ایک لچکدار، قابل اعتماد اور صاف گرڈ کے لیے ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر کی تعمیر ہموار کرے گا۔

"قابل تجدید توانائی کو تیزی سے استعمال کرنے اور فاسل ایندھن سے منتقلی کے جرات مندانہ اقدامات کے ساتھ، ہم نہ صرف ایک صاف ستھرے اور صحت مند نیو یارک ریاست کے لیے راہیں ترتیب دے رہے ہیں بلکہ ایسی اہم تبدیلیاں بھی کر رہے ہیں جو ہمارے سب سے زیادہ غریب و لاچار نیو یارک باسیوں کے لیے لاگت کو کم کر دیں گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "قابلِ استطاعت توانائی میرے ماحولیاتی ایجنڈے کی اولین ترجیح رہے گی کیونکہ ہم پر موسم میں ہونے والی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنا اور نیویارک کے تمام شہریوں کی حفاظت کرنا لازمی ہے۔"

<u>قابل استطاعت توانائی کا ایجنڈا</u>

گورنر Hochul نے گزشتہ دو سالوں میں اپنے توانائی کے ایجنڈے کی اولین ترجیح توانائی کو سستا کرنا رکھا ہے، جس کے نتیجے میں ہر اہل یوٹیلیٹی صارف کو $1,400 کی اوسط بچت ہوئی ہے۔ اب جبکہ نیویارک نے آب و ہوا کے حوالے سے قیادت کرنے کا عمل جاری رکھا ہوا ہے، تو گورنر Hochul ایسے تاریخی اقدامات کر رہی ہیں جنکے نتیجے میں نیویارک کے نصف ملین سے زیادہ گھرانوں کو $500 تک کی بچت ہوگی۔ کارروائیوں میں شامل ہیں:

- **گیس کے مؤثر نظام کی جانب ذمہ دارانہ، مساوی اور مؤثر منتقلی کی منصوبہ بندی میں معاونت کے لیے قانون سازی متعارف کروائی جا رہی ہے۔** سستی گیس پر منتقلی کا ایکٹ (Affordable Gas Transition Act) محکمہ پبلک سروس (Department of Public Service, DPS) اور پبلک سروس کمیشن (Public Service Commission, PSC) کو یوٹیلیٹی کمپنیوں کو صاف توانائی کے ذرائع پر منتقلی کو ذمہ داری اور سستا کرکے منظم کرنے کی ہدایت کرنے کا اختیار دے گا۔ یہ قانون سازی یوٹیلیٹی صارفین کو فاسل ایندھن کے بنیادی ڈھانچے میں غیر ضروری سرمایہ کاریوں کی لاگت برداشت کرنے سے بچائے گی، موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی

پروٹیکشن ایکٹ کے مطابق گیس سروس کی توسیع پر لاگو ہونے والے نئے قواعد و ضوابط قائم کرے گی، اور موجودہ کسٹمرز کی سروس کے لئے محفوظ اور قابل اعتماد فراہمی کو متاثر نہیں کرے گی۔

- **پوری ریاست پر محیط سب کے لیے سولر (Solar for All) کا آغاز کیا جا رہا ہے**، ایک ایسا جدید پروگرام جو دو کامیاب ریاستی پروگراموں کو یکجا کر دے گا - یوٹیلٹی کے زیر انتظام توانائی کا افورڈیبلٹی پروگرام (Energy Affordability Program) اور کمیونٹی سولر (Community Solar) - جن سے کم آمدنی والے گھرانوں تک صاف توانائی کی بچت مؤثر طریقے سے پہنچائی جا سکے گی۔ یہ نیا پروگرام پوری ریاست میں 800,000 سے زیادہ گھرانوں کو سالانہ $40 کا الیکٹرک بل کریڈٹ فراہم کر سکے گا۔
- **Smart Energy Savings Initiative کا آغاز کیا جا رہا ہے، جو نیویارک کے شہریوں کو توانائی کے روزمرہ کے استعمال کا بہتر نظم و نسق کرکے اپنے یوٹیلیٹی بلوں میں بچت کرنے کی استعداد دے گا۔** اس میں شرکت کرنے والے گھرانوں کے لیے، جب بجلی کی طلب اور قیمتیں سب سے کم ہوں گی تو سمارٹ ٹیکنالوجی زیادہ بجلی کے استعمال کے اوقات طے کرنے میں مدد دے گی۔ یوٹیلیٹی اور گھرانے کے لحاظ سے، برقی گاڑیاں رکھنے والے نیویارک کے شرکت کنندگان ہر سال $200 سے اوپر کی بچت کر سکیں گے اور ہیٹ پمپ والے نیویارک باسی سالانہ $100 اور $500 کے درمیان بچت کر سکیں گے۔
- **DPS کو ہدایت دینا کہ وہ NY Grid of the Future کی کارروائی شروع کر کے جدید ترین اختراعات کو بروئے کار لائے۔** اس کارروائی کے ذریعے سال کے آخر تک مستقبل کا NY گرڈ منصوبہ (NY Grid of the Future Plan) فراہم ہو جائے گا جس میں ایسی سرمایہ کاریاں کی جائیں گی جو درحقیقت ایک سستا، لچکدار اور صاف ستھرا گرڈ بنا دے گی۔

<u>ایک لچکدار، قابل بھروسہ، اور صاف گرڈ والے ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر کی تعمیر میں تیزی لانا</u>

ریاست کے کلائمیٹ لیڈرشپ اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ (Climate Leadership and Community Protection Act) کے اہداف حاصل کرنے، الیکٹرک ٹرانسمیشن کی تعمیر، اور انٹر کنکشن کا عمل بہتر بنانے کی فوری ضرورت حل کرنے کے لیے، گورنر Hochul نے پروجیکٹ انٹر کنکشن اینڈ ڈیپلائمنٹ (Renewable Action Through Project Interconnection and Deployment, RAPID) ایکٹ کے ذریعے قابل تجدید کارروائی کی تجویز پیش کر رہی ہیں۔

RAPID ایکٹ DPS دفتر برائے قابل تجدید توانائی سائٹنگ (Office of Renewable Energy Siting, ORES) کے دفتر میں ماحولیاتی جائزے اور قابل تجدید توانائی اور ترسیل کی اہم سہولیات کی استعداد پیدا کرنے کے لیے ایک ون-اسٹاپ-شاپ تشکیل دے رہا ہے۔ ریاست کی ترسیل کی اجازت دینے کا عمل اب ایک واضح قانونی فریم ورک کی صورت میں ہوگا جو شفافیت اور ماحولیاتی تحفظ کو تیزی سے فیصلہ سازی کی ضرورت کے ساتھ متوازن رکھے گا، جبکہ وہ کمیونٹی کی آراء پر کاروائی کرنے اور ماحولیاتی تحفظات کے لیے جوابدہ رہنے کا عمل بھی جاری رکھے گا۔

مزید برآں، گورنر Hochul ہدایت دیں گی کہ DPS توانائی کے تقسیم شدہ وسائل کے باہمی ربط کو بہتر بنانے کے لیے کارروائیاں شروع کر دے۔ اس کارروائی میں ریاست نیو یارک کی یوٹیلیٹیز کے لیے ترغیبات دینے، جرمانے عائد کرنے، اور دیگر لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا تاکہ تیز اور زیادہ موثر انٹر کنکشن کو آسان بنایا جا سکے۔

<u>نیویارک کے سب سے بڑے سولر کارپورٹ پر تعمیرات کا آغاز کرنا</u>

گورنر Hochul نے نیویارک اور نیو جرسی کی پورٹ اتھارٹی کو ریاستِ نیو یارک میں صارفین کے سب سے بڑے سولر پلس اسٹوریج پروجیکٹ کی تعمیر شروع کرنے کی بھی ہدایت کی ہے: JFK ایئرپورٹ پر ایک سولر کارپورٹ کینوپی، جو ریاست نیویارک کا سب سے بڑا سولر کارپورٹ بھی ہوگا۔ MW-12.3 کی مشترکہ شمسی توانائی تنصیب میں MW 7.5 کی بیٹری سٹوریج شامل ہوگی جس سے ہوائی اڈے پر توانائی کے استعمال کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ منصوبہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں تقریباً 6,000 میٹرک ٹن سالانہ کی کمی کرے گا اور ہوائی اڈے اور کوئنز کے قریبی واقع کم آمدنی والے محلوں دونوں کو صاف توانائی کے فوائد بھی فراہم کرے گا۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418